© rasailojaraid.com



# گلدستہ اخبار

—— خلیفہ قادیان شروع جولائی میں آنکھوں کا معائنہ کرانے راولپنڈی گئے وہاں سے واپس آکر لاہور کشمیر کمیٹی کے کام میں مصروف رہے کبھی قادیان کبھی ڈلہوزی کبھی شملہ وغیرہ مقامات پر جاتے رہتے۔ لیکن سید محمد شریف صاحب کے اشتہار مباہلہ کا جواب نہیں دیتے۔

—— مولوی محمد علی صاحب امیر جماعت احمدیہ لاہور بھی آجکل ڈلہوزی میں سیر کر رہے ہیں۔

—— گورنر پنجاب نے علالت طبع کے باعث دو ماہ کی رخصت لی ہے ان کے قائم مقام ہز ایکسیلینسی خان بہادر کپتان سکندر حیات خان صاحب جو گورنر کی ایگزیکٹو کونسل کے ممبر تھے مقرر ہوئے ہیں۔

—— کوئٹہ میں بارش شدید ہونے کی وجہ سے ایک لاکھ روپیہ کا نقصان ہوا۔

—— سول سرجن پشاور لیڈی ریڈنگ ہسپتال میں راؤنڈ کر رہے تھے۔ ایک مسلمان اردلی نے ان پر چھری سے قاتلانہ حملہ کر دیا۔ جس سے وہ جانبر نہ ہو سکے۔

—— ملک معظم نے نواب صاحب چترال کو ۱۱ توپوں کی سلامی و ہز ہائی نس کا خطاب عنایت فرمایا ہے۔

—— کانپور پولیس نے ایک ہندو کے مکان سے دس دیسی بم و سامان بم سازی برآمد کئے ہیں۔

—— ملکۂ ہالینڈ نے الہ آباد سے آم منگوائے تھے جو بذریعہ ہوائی جہاز روانہ کئے گئے اور صحیح سالم پہنچ گئے ہیں۔

—— چار قیدی شکارپور سے سکھر بھیجے جا رہے تھے راستہ میں قیدیوں نے ریل گاڑی کو زنجیر کھینچ کر کھڑا کر دیا اور پہرہ دار پولیس سے رائفلیں و کارتوس چھین کر بھاگ گئے۔

—— ڈاکٹر محمد عالم جیل میں اختلاج قلب کی وجہ سے بیمار ہیں (خدا صحت بخشے)

—— ڈاکٹر ٹیگور کلکتہ یونیورسٹی کے لیکچرار مقرر کئے گئے ہیں۔

—— مغلپورہ لاہور کے قریب ۷ ر جولائی کو مرزائیوں سے بڑا زبردست مباحثہ ہوا۔ اہل باطل پر ...... کی بوچھاڑ ہو رہی تھی۔

© rasailojaraid.com